
# ۱۳۔ کہنا بڑوں کا مانو

کسی گاؤں میں احمد اور اسلم دو دوست رہتے تھے۔ دونوں پڑوسی بھی تھے۔ وہ ساتھ ساتھ کھیلتے اور ساتھ ساتھ پڑھتے تھے۔ ان کا گاؤں چھوٹا سا تھا۔ گاؤں میں کچّے پکّے مکانات تھے، چھوٹے چھوٹے راستے تھے لیکن یہ چھوٹا سا گاؤں بہت خوب صوٗرت تھا۔ گاؤں میں مغرب کی طرف ایک پہاڑی تھی۔ سامنے مشرق کی طرف ایک ندی تھی۔ ندی کے اس پار ہرے بھرے کھیت اور باغ تھے۔ چاروں طرف ہریالی تھی۔ گاؤں میں ایک چھوٹا سا اور بہت صاف ستھرا اسکوٗل تھا جہاں گاؤں کے بچّے پڑھتے تھے۔

شاہ نواز، احمد اور اسلم کا ہم جماعت تھا۔ گھر کے سبھی لوگ اسے شانو کہتے تھے۔ وہ بہت شریر تھا۔ اس کا دل پڑھنے لکھنے میں نہیں لگتا تھا۔ وہ دن بھر بے کار کی باتیں کرتا، کھیلتا کوٗدتا رہتا، ندی میں تیرتا، گائے بھینس کی پیٹھ پر بیٹھ کر کھیتوں کی سیر کرتا۔ وہ جس دن اسکوٗل آتا، شرارتیں کرتا اور بچوں کو بے وجہ ستاتا تھا۔ سب بچّے اس سے پریشان رہتے۔ استاد اسے سمجھاتے، کبھی سزا بھی دیتے۔ اس کے گھر جاتے، والدَین سے ملتے، شکایت کرتے لیکن شانوٗ پر اس کا کوئی اثر نہ ہوتا تھا۔

برسات کا موسم تھا۔ اِتوار کے دن گاؤں کے سب لڑکے ندی کے کنارے کھیل رہے تھے۔ ندی میں پانی کا بہاؤ تیز تھا۔ شانوٗ نے دوستوں سے کہا، ''چلو ! ندی میں تیرتے ہیں۔ دیکھیں! سب سے پہلے کون دوسرے کنارے پر پہنچتا ہے۔'' احمد اور اسلم نے اسے منع کیا۔ استاد کی بات یاد دلائی کہ برسات کے دنوں میں ندی میں تیرنا اچھّا نہیں۔ کسی بھی وقت سیلاب آ سکتا ہے۔ شانوٗ نے ان کی ایک نہ مانی اور ندی میں کوٗد گیا۔ وہ ندی کی گہرائی سے بے خبر تیزی سے دوٗسرے کنارے کی طرف بڑھنے لگا۔ جب وہ ندی کے بیچ پہنچا تو اسے احساس ہوا کہ ندی کا پانی بڑھنے لگا ہے۔ اچانک پانی بڑھتا دیکھ کر اسے استاد کی نصیحت یاد آ گئی۔ وہ پیچھے کی طرف مڑا۔ پانی تیزی سے بہہ رہا تھا۔ شانوٗ کے لیے تیرنا مُشکل ہو رہا تھا۔ اس کے ہاتھ، پیر اور بدن بھاری ہو گئے تھے۔ وہ پانی کے دھارے کے ساتھ بہنے لگا۔

احمد اور اسلم کنارے سے شانوٗ کی یہ حالت دیکھ رہے تھے۔ وہ دوڑتے ہوئے قریب کے گھر میں گئے۔ وہاں سے ایک بڑی سی رسّی لائی۔ احمد نے رسّی کا ایک سِرا مضبوٗطی سے پکڑا۔ اسلم نے دوٗسرا سِرا شانوٗ کی طرف



پھینکا۔ بڑی مشکل سے شانوٗ نے رسّی پکڑی۔ احمد اور اسلم رسّی کھینچنے لگے۔ ساتھ ہی وہ شانوٗ کی ہمّت بھی بڑھا رہے تھے۔ دھیرے دھیرے شانوٗ کنارے پر آ گیا۔ وہ بری طرح تھک گیا تھا اور سردی سے کانپ رہا تھا۔ دونوں دوست اسے گھر تک لائے۔ اس کی امّی نے اسے کمبل اُڑھایا۔ احمد اور اسلم اس کے پاس ہی بیٹھے رہے۔

اب شام ہو رہی تھی۔ شانوٗ بھی اب بہتر محسوٗس کر رہا تھا۔ دونوں دوستوں نے اس کے گھر والوں سے اجازت چاہی۔ اس کی امّی نے دونوں کو گلے لگایا، شاباشی دی۔ شانوٗ اپنے بستر سے یہ سب دیکھ رہا تھا۔

دوٗسرے دن اسکوٗل کھلا۔ سب بچّے خوشی خوشی جانے لگے۔ احمد اور اسلم بھی اسکوٗل پہنچے۔ انھیں یہ دیکھ کر بڑی حَیرت ہوئی کہ آج شانوٗ ان سے پہلے اسکوٗل پہنچ گیا ہے اور پڑھائی میں مصروٗف ہے۔ (ماخوٗذ)

## مشقی سرگرمیاں

❁ دیکھو، پڑھو، لکھو۔

خوٗب‌صوٗرت (خوٗ – ب – صوٗ – رَت) ..........................

مغرب (مَغ – رِب) ..........................

مشرق (مَش – رِق) ..........................

شرارت (شَ – را – رَت) ..........................

احساس (اِح – سا – س) ..........................

مصروٗف (مَص – روٗ – ف) ..........................

❁ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔

ا) احمد اور اسلم کہاں رہتے تھے؟

۲) شانوٗ اسکوٗل آ کر کیا کرتا تھا؟

۳) بچّے کہاں کھیل رہے تھے؟

۴) کن دنوں میں ندی میں تیرنا اچھا نہیں ہے؟
۵) شانو کو کس بات کا احساس ہوا؟
۶) پانی بڑھتا دیکھ کر شانو کو کیا یاد آیا؟
۷) احمد اور اسلم قریب کے گھر سے کیا لائے؟
۸) شانو کی امّی نے احمد اور اسلم کا شکریہ کس طرح ادا کیا؟

## جوڑیاں لگاؤ۔

| | |
|---|---|
| گاؤں | برسات |
| موسم | شرارتی |
| شانو | نصیحت |
| اُستاد | خوب صورت |

## سبق کی مدد سے خالی جگہ بھرو۔

۱) یہ چھوٹا سا گاؤں بہت ...................... تھا۔
۲) چاروں طرف ...................... تھی۔
۳) سب بچّے اس سے ...................... رہتے۔
۴) احمد اور اسلم نے اسے ...................... کیا۔
۵) کسی بھی وقت ...................... آ سکتا ہے۔
۶) شانو اپنے ...................... سے یہ سب دیکھ رہا تھا۔

## صحیح جملے کے سامنے ✓ نشان لگاؤ۔

۱) احمد اور اسلم پڑوسی تھے۔
۲) شاہ نواز احمد اور اسلم کا ہم جماعت تھا۔
۳) شانو اچھا بچہ تھا۔
۴) گاؤں کے لڑکے ندی کے کنارے کھیل رہے تھے۔
۵) احمد اور اسلم ایک بڑا سا ڈنڈا لائے۔
۶) امّی نے دونوں لڑکوں کو ڈانٹا۔

❁ احمد اور اسلم کے گاؤں کے بارے میں لکھو۔

مثال : گاؤں ← چھوٹا سا

مکانات ← ☐

راستے ← ☐

اسکول ← ☐

کھیت ← ☐

❁ چار حرفی لفظ تلاش کرکے لکھو۔

احمد ، طرف ، اسلم ، ندی ، اثر ، کنارے ، بات ، مغرب ، سزا ، دوست

❁ ایسے لفظ تلاش کرو جو 'نون غنہ' پر ختم ہوں۔

گاؤں ، دوست ، اسکول ، دِنوں ، خوب صورت ، دوستوں ، دونوں ، لڑکے ، بچوں

❁ خالی جگہ میں صحیح حرف لکھ کر لفظ کو دوبارہ لکھو۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱) دو ...... ت | ۲) پڑ...... سی | ۳) گا...... ں |
| ۴) پہا...... ی | ۵) شا ...... و | ۶) اِتوا...... |
| ۷) تیر...... ا | ۸) حا ...... ت | ۹) اسکو...... |

❁ جن لفظوں پر ضروری ہو ان پر ☐ ّ نشان لگاؤ۔

امی ، احمد ، گاؤں ، رسی ، بدن ، بچوں

❁ دو چشمی ھ والے لفظ کے گرد دائرہ بناؤ۔

چھوٹا ، جماعت ، کھیلتے ، کنارے ، ساتھ ، ندی ، پڑھتے ، کھیل ، بہت ، صاف سُتھرا ، کھیت ، پہنچتا ، اچّھا ، گھر ، ہمّت ، پہنچ

❁ اس سبق میں لفظ 'بے کار' آیا ہے۔ یہ دو لفظوں کے جوڑ سے بنا ہے؛ بے + کار۔

اس طرح کے اور بھی لفظ 'بے' لگا کر بنائے جا سکتے ہیں جیسے 'بے رحم'، 'بے ہوش' وغیرہ۔

کتاب کی مدد سے ایسے دو لفظ تلاش کرکے لکھو۔

سرگرمی :

مختلف قسم کے روبوٹ کی تصویریں جمع کرکے اپنی بیاض میں چپکاؤ۔ کارڈ شیٹ سے روبوٹ بناؤ۔

42ELC5